

نامکمل

اسقاطِ حمل کے علاج کیلئے

مائزوپروسٹول کی گولیوں کا استعمال

زبان کے نیچے رکھ کر

National Committee for Maternal & Neonatal Health

Ipas PAKISTAN HEALTH ACCESS RIGHTS

زبان کے نیچے رکھ کر

مائزوپروسٹول کی گولیوں سے نامکمل اسقاطِ حمل کا علاج

اگر آپ کا اسقاطِ حمل نامکمل ہو، تو آپ کا مائزوپروسٹول کی گولیوں سے بحفاظت اور مؤثر طریقے سے علاج ہوسکتا ہے۔ یہ گولیاں دو طریقوں سے استعمال کی جاسکتی ہیں، یا تو منہ کے ذریعے نگل کر یا پھر زبان کے نیچے رکھ کر۔

مائزوپروسٹول کی گولیاں کیسے لی جائیں؟ (زبان کے نیچے رکھ کر)

مائزوپروسٹول کی دو گولیاں (400 mcg) زبان کے نیچے رکھیں۔ گولیوں کو اس وقت تک زبان کے نیچے رکھیں جب تک کہ وہ گھل نہ جائیں، یا آدھے گھنٹے تک رکھنے کے بعد جو کچھ باقی رہ جائے اُسے پانی سے نگل لیں۔



گولیاں لینے کے بعد کیا ہوگا؟

مائزو پروسٹول رحم کو سکیڑتی ہے۔ تولیدی راستے (وجائنا) سے کچھ خون آئے گا اور پیٹ میں مروڑ/ درد ہوگا۔ کچھ خون کے جمے ہوئے ٹکڑے بھی خارج ہو سکتے ہیں۔

پیٹ میں مروڑ/ درد

خون جاری ہونا

بہت ساری عورتوں کو ضمنی اثرات نہیں ہوتے

کچھ عورتوں کو بخار، سردی، متلی، اُلٹی یا دست ہو سکتے ہیں۔ یہ علامات ایک دن میں خود ہی ٹھیک ہو جائیں گی۔

متلی اور قے آنا

دست آنا

کپکپی/ سردی لگنا/ بخار ہونا

زبان کے نیچے رکھ کر

ضمنی اثرات سے کیسے نمٹا جائے؟

پیٹ میں مروڑ/ درد کیلئے درد کم کرنے کی دوا لی جاسکتی ہے۔ بخار کیلئے دوا کی عام طور پر ضرورت نہیں ہوتی، زیادہ پانی پینے اور آرام کرنے سے بھی مدد ملتی ہے۔ زیادہ تر ضمنی اثرات تھوڑی دیر بعد خود ہی ٹھیک ہو جاتے ہیں۔

آپ کو صحت کے کارکن سے کب مدد لینی چاہیئے؟

درج ذیل میں سے کسی بھی علامت کے ظاہر ہونے کی صورت میں آپ کو فوری مدد لینی چاہیئے:

زیادہ خون کا جاری ہونا

بہت زیادہ خون آ رہا ہو: جس سے ہر ایک گھنٹے میں 2 سے زیادہ سینیٹری پیڈز/ کپڑے خون سے بھر جائیں اور یہ عمل 2 گھنٹے تک لگاتار جاری رہے، خاص طور پر اگر اس کے ساتھ چکر اور بہت زیادہ تھکن بھی ہو۔

پیٹ میں مستقل مروڑ/ درد

مسلسل پیٹ میں مروڑ/ درد ہو جو کہ دوا، آرام یا گرم سینکائی سے بھی دور نہ ہو رہا ہو۔

بخار

بخار جو ایک دن سے زیادہ رہے یا مائزوپروسٹول لینے کے اگلے دن سے کسی بھی دن شروع ہو۔
محسوس ہو کہ طبیعت بہت خراب ہے، تولیدی راستے (وجائنا) سے معمول سے ہٹ کے یا بدبودار مواد کا اخراج اور/ یا پیٹ میں درد ہو۔

زبان کے نیچے رکھ کر

میرے لئے مانع حمل کا بہترین طریقہ کیا ہے؟

نامکمل اسقاط حمل کے علاج کے بعد آپ 10 دنوں میں دوبارہ حاملہ ہوسکتی ہیں۔ اگر آپ مانع حمل چاہتی ہیں تو حمل روکنے کا کوئی طریقہ فوراً شروع کریں۔ آپ زیادہ تر مانع حمل کے طریقے مائزوپروسٹول کی گولیاں لینے کے ساتھ ہی شروع کرسکتی ہیں۔



مجھے دوبارہ کب معائنے کیلئے آنا چاہیئے؟

عام طور پر دوبارہ آنے کی ضرورت نہیں ہوتی، لیکن اگر کچھ خطرناک علامات ظاہر ہوتی ہیں یا آپ کچھ اور مسائل پر بات کرنا چاہتی ہیں تو کسی بھی وقت آ سکتی ہیں۔ اگر آپ جاننا چاہتی ہیں کہ مائزوپروسٹول کی گولیوں کے ذریعہ بچہ دانی کی صفائی کا عمل کامیاب رہا تو معائنہ کیلئے دو ہفتے بعد آ سکتی ہیں۔

دوبارہ معائنہ (فالو اَپ)

تاریخ: ....

جگہ: ....

وقت: .... **فون:** ....

زبان کے نیچے رکھ کر